(۴)

مسنون دعائیں — مولانا محمد عاشق صاحب ۔ بلند شہری

صفحات مع خوبصورت ٹائیٹل — ۱۹۰

قیمت — ۱/۷۵ روپے

ناشر و پتہ — مکتبہ شان اسلام ۔ راحت مارکیٹ ۔ اردو بازار لاہور

یہ کتاب پہلی سے بھی زیادہ جامع ہے ، مزید یہ کہ اس میں کتاب کے حوالے کا التزام بھی کیا گیا ہے کہ یہ دعا حدیث کی کون سی کتاب میں ہے ۔

بات اپنی اور زبان پیارے رسول کی ، سوچیے ! پھر کمی کیا رہ جائے گی ؟ ہر دعا کے ساتھ اس کا ترجمہ بھی دیا گیا ہے ۔ جو خاصا دل نشین اور عام فہم ہے ، کس وقت کونسی دعا پڑھی جائے اور کون سے حالات میں کیا دعا ہونی چاہیے ؟ اس میں اس کی ساری تفصیل آگئی ہے ۔

ہمارے نزدیک ایسی کتابوں کو رواج دینا چاہیے "تاکہ اہل بدعت نے "پیارے رسول کی پاک زبان" کے بالمقابل ادھر ادھر کی زبانوں کو رواج دے ڈالا ہے ، ان کا مداوا ہو جائے ! خدا کی شان ہے کہ : ان مدعیوں کو پیارے رسول کی پیاری زبان میں دعا مانگنا بھی دو بھر ہو گیا ہے ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۔

(۵)

مسئلہ آئین و حکومت — محترم جناب ریاض الحسن نوری ، ایم ۔ اے

صفحات — ۶۸

قیمت — ۲/- روپے

پتہ — مکتبہ علمیہ ۔ ۱۵ لیک روڈ ۔ لاہور

فاضل مؤلف ان خوش نصیب افاضل میں سے ہیں جنھوں نے زمیندار خاندان اور جدید تعلیم گاہوں میں آنکھیں کھولیں اور قلب و نگاہ کو مسلمان رکھا ۔ پنجاب یونیورسٹی کے فاضل ہونے کے ساتھ موصوف علوم عربیہ ، بالخصوص کتاب و سنت سے گہری دلچسپی رکھتے ہیں ۔ ان کی ذاتی لائبریری میں علوم دینیہ اور تاریخ و سیر پر مشتمل عربی کتابوں کا ایک گراں قدر سرمایہ ہے ، جس میں موصوف شب و روز گم رہتے ہیں ، کتاب الخروج یحیی بن آدم پر حال ہی میں ایک تعلیقات لکھ کر اہل علم طبقہ سے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں ۔ ان کے علمی مضامین ملک کے علمی اور ادبی جرائد (مثلاً ترجمان القرآن) میں بڑی آب و تاب کے ساتھ شائع ہوتے رہتے ہیں ۔